باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان
ABC CERTIFIED
Daily AAINA Quetta
روزنامہ آئینہ کوئٹہ
قیمت 5 روپے
بانی : منصور الہدیٰ عباسی
ریذیڈنٹ ایڈیٹر فہیم الزمان ملاخیل
چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان
ایڈیٹر فیصل کریم
03332831889 ✱ Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30	بروز اتوار 20 ستمبر 2026ء 1448 ہجری	قیمت 05 روپے	شمارہ نمبر 254

حوثیوں سے خطے کے امن اور ترقی کیلئے خطرہ ہیں، عاصم افتخار

رکاوٹوں سے عالمی توانائی اور کھاد کی فراہمی پر نمایاں اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، یو این مستقل پاکستانی مندوب کا سلامتی کونسل اجلاس سے خطاب

حوثیوں کے حملے سمندری سلامتی اور خطے کے امن اور ترقی کیلئے خطرہ ہیں، ایسے اشتعال انگیز اقدامات سمندری سلامتی اور علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں

نیو یارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا آریا فارمولا اجلاس میں پاکستان کی جانب سے حوثی باغیوں کے تجارتی جہازوں پر حملوں کی شدید مذمت کی گئی جبکہ کشیدگی میں کمی اور محفوظ بحری آمدورفت کا مطالبہ کیا گیا۔ پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار نے سعودی عرب کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ بھی کیا۔ عاصم افتخار نے کہا کہ باب المندب پر حملوں اور آبنائے ہرمز میں رکاوٹوں نے بہت کچھ واضح کر دیا، سمندری بحران

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہیں، ترجمان پاک فوج

پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، احمد شریف چودھری

دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے۔ ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے دہشتگردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی

راولپنڈی (بی پی آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی روکے، افغانستان سے پاکستان آنے والی

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

حکومت کا آئی ٹی تعلیم کے معیار میں بہتری لانے کا فیصلہ

اسیسمنٹ کے عمل کی ساکھ یقینی بنانے کے لیے مناسب جانچ پڑتال، معیار کی نگرانی اور ادارہ جاتی احتساب کا مؤثر نظام ناگزیر ہے

خصوصاً ایسے معاملات میں جہاں طلبہ ڈگری کی تمام شرائط پوری کرنے کے باوجود اسکلز اسیسمنٹ ٹیسٹ میں ناکام ہو جاتے ہیں

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ سینیٹر احد چیمہ نے غیر منظور شدہ آئی ٹی تعلیمی اداروں کے مسئلے سے نمٹنے، طلبہ کو غیر تسلیم شدہ تعلیمی پروگراموں میں داخلوں سے محفوظ رکھنے اور آئی ٹی گریجویٹس کو بین الاقوامی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے ایک جامع نظام وضع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آئی ٹی اسکلز اسیسمنٹ ٹیسٹ اور کیپنگ ایجوکیشن کے

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

لاہور، ریلوے اسٹیشن کی تاریخی عمارت کا خوبصورت منظر

فاقی سول سروس میں اصلاحات کیلئے اسمارٹ اصلاحات پیکیج تیار

سکریننگ ٹیسٹ میں پاسنگ مارکس کی حد 33 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد کرنے کی سفارش کی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سول سروس میں اصلاحات کیلئے اسمارٹ اصلاحات پیکیج تیار کرلیا گیا، تنخواہوں کے طریقہ کار کی تبدیلی کی سفارش کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں قائم وزیراعظم کی خصوصی کمیٹی کی تیار کردہ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ ان اصلاحات کے لیے آئین میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان: آپریشن رد الفتنہ 3، فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگرد ہلاک

پنجگور کے علاقے گوارگو میں 5، چاغی کے امین آباد اور سیاہ چنگ میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کیں جہاں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

پنجگور، چاغی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے 11 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع پنجگور اور چاغی میں فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا، پنجگور کے علاقے گوارگو میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

پام آئل کا درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، حکومت کا منصوبہ تیار

لانگ ٹرم پلان سے 7 ارب ڈالر سے زائد درآمدی فوائد متوقع ہیں، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا پام آئل کا سالانہ درآمدی بل 3 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، درآمدی خوردنی تیل کا بل کم کرنے کے لیے حکومت نے دو مراحل پر مشتمل منصوبہ تیار کرلیا۔ وزارت غذائی تحفظ کی دستاویز کے مطابق منصوبے کا مقصد خوردنی تیل کی درآمد کم کر کے مقامی پیداوار اور مقامی وسائل پر انحصار بڑھانا ہے، پہلے مرحلے میں 2026 سے 2031 تک شارٹ ٹرم منصوبے پر کام کیا جائیگا، جس کے

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سینیٹر انوار الحق کاکڑ، آغا شکیل درانی عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

عدلیہ میں خواتین کی بڑی تعداد: بلوچستان کی بیٹیاں ہر میدان میں آگے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی بیٹیاں ہر میدان میں آگے ہیں، عدالتوں میں خواتین وکلا کی بڑھتی تعداد مثبت تبدیلی کا مظہر ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان کی اعلیٰ تعلیم

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ اور سیکٹر ای 12 کا دورہ

58 غیر قانونی تعمیراتی یونٹس کے خلاف کارروائی، 290 کنال تجاوز شدہ اراضی واگزار کرالی گئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ اور سیکٹر E-12 کا تفصیلی فیلڈ معائنہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں، انفراسٹرکچر اور انسداد تجاوزات آپریشن کا جائزہ لیا۔ بریفنگ کے مطابق سی ڈی اے نے بلڈنگ کنٹرول ضوابط کی

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

کال سینٹر سائبر کرائم کیس، 10 گرفتار غیر ملکی ملزمان کی ضمانتیں منظور

ہر ملزم کو 5 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کال سینٹر سائبر کرائم کیس میں گرفتار 10 چینی شہریوں کی ضمانتیں منظور کرلیں۔ جسٹس شاہ رخ ارجمند نے پانچ صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے ہر ملزم کو پانچ لاکھ

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

کوہاٹ میں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن، ایڈیشنل آئی جی پر دستی بم حملہ، معمولی زخم آیا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ پولیس لائن پر خودکش حملہ کے بعد فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کے دوران دہشت گردوں نے ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پر دستی بم سے حملہ کر دیا، ہاتھ پر

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

سکول، ہسپتال، بیوٹی پارلرز اور ہوٹلز سب ایف بی آر کے ریڈار پر آگئے

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کیلئے 30 ستمبر تک کی مہلت فراہم

اسلام آباد (این این آئی) سکول، ہسپتال، بیوٹی پارلرز اور ہوٹلز سب ایف بی آر کے رڈار پر آگئے اور 30 ستمبر تک سیلز ٹیکس میں رجسٹریشن اور انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانا لازمی قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مختلف کاروباری و پیشہ ورانہ قطعات پر شکنجہ کستے ہوئے 14 اہم شعبوں اور کاروباروں کیلئے 30 ستمبر تک سیلز ٹیکس میں لازمی رجسٹریشن اور انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ مقرر کر دی

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں، امن واستحکام کی ضرورت ہے، احسن اقبال

مقصد کیلئے نوجوانوں کو مرغیاں، کٹیاں، بکریاں اور انڈے دینے کی بجائے بہترین تعلیم اور ٹیکنیکل تعلیم فراہم کرنا ہوگی، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں، امن و استحکام کی

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی لانگ مارچ: 27 ستمبر کو پتا چلے گا ریاست اپنی رٹ کیسے قائم کرتی ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو پتا چل جائے گا کہ ریاست اپنی رٹ کیسے قائم کرتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

بلال اظہر کیانی کا جہلم میں پٹرول پمپس کا دورہ

وزیراعظم کی عوام کو سستے پٹرول کی فراہمی کے عمل کا مشاہدہ کیا

جہلم (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے جہلم میں پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیراعظم شہباز شریف کی عوام کو سستے پٹرول کی فراہمی کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے حکام کے ہمراہ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے شہریوں سے بات چیت بھی کی اور ان سے سستے پٹرول کی فراہمی کے حوالے سے حکومت کی طرف سے تیار کردہ نظام کے بارے میں سوالات کئے۔ اس موقع پر مفت فون نمبر 9771 پر پیغام بھیجنے اور

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

آئینی حقوق اور 18 ویں ترمیم کے خلاف باتیں حقائق کے منافی ہیں، سینیٹر وقار مہدی

18 ویں ترمیم اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور صوبائی خودمختاری کی ضمانت ہے، اسے متنازع بنانے کی کوشش آئینی حقائق سے انحراف ہے، رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی نے وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصطفیٰ کمال کی پریس کانفرنس میں سندھ کے آئینی حقوق اور 18 ویں ترمیم کے خلاف باتیں حقائق کے منافی ہیں، 18 ویں ترمیم اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن پر کارٹل کا الزام ثابت، 6 کروڑ روپے جرمانہ

اسلام آباد (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کی مارکیٹ انٹیلیجنس کے مطابق آل پاکستان ایڈیبل آئل ٹینکر اونرز ایسوسی ایشن پر کارٹل بنانے کا الزام ثابت ہو گیا۔ خوردنی تیل اور گھی کی ترسیل کے کرایے طے کرنے اور ٹینکرز میں کاروبار تقسیم کرنے پر ایسوسی ایشن کو مجموعی طور پر 6 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا ہے، سی سی پی کے مطابق کرایوں کے اجتماعی تعین پر 3

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر اکنامک افیئرز احد چیمہ منعقدہ آئی ٹی سیکٹر کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اکبر خان خروٹی کی چوہدری سالک حسین اور غلام مصطفیٰ ملک سے ملاقات

بلوچستان کی مجموعی سیاسی و امن و امان کی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ممتاز سیاسی وقبائلی رہنما اور خروٹی قبائل کے چیف سردار اکبر خان خروٹی ملکیی نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز وانسانی وسائل چوہدری سالک حسین سے اہم ملاقات کی جبکہ بعد ازاں پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات وترجمان غلام مصطفیٰ ملک سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی و امن و امان کی صورتحال، صوبے کو درپیش مسائل، قومی و علاقائی امور اور عوامی مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار اکبر خان خروٹی نے مسلم لیگی رہنماؤں کو

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

گوادر ایئرپورٹ ہفتے میں 3 دن بند رہے گا، نئے اوقات جاری

گوادر (این این آئی) گوادر ایئرپورٹ کے نئے اوقات کار جاری کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گوادر ایئرپورٹ بدھ، جمعہ اور ہفتے کو بند رہے گا، جبکہ دیگر دنوں میں مخصوص اوقات کے دوران پروازوں کا آپریشن جاری رہے گا۔ نئے اوقات کار کے مطابق گوادر ایئرپورٹ پیر اور

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

پشاور میں اے این ایف کی بڑی کارروائیاں، نشہ آور گولیاں تیار کرنے والے 2 نیٹ ورک بے نقاب

خفیہ معلومات کی بنیاد پر حسن گڑھی پشاور میں واقع ایک رہائشی مکان پر چھاپہ مارا گیا، ترجمان اے این ایف

پشاور (این این آئی) پشاور میں اینٹی نارکوٹکس فورس نے پشاور کے حسن گڑھی اور ملاکنڈ ڈویژن میں رہائشی مکانات میں غیر معیاری نشہ آور گولیوں کی تیاری میں ملوث 2 گروہوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی تیاری اور تقسیم میں ملوث عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کرلی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق خفیہ معلومات کی بنیاد پر حسن گڑھی پشاور میں واقع ایک رہائشی مکان پر چھاپہ مارا گیا، جہاں غیر قانونی طور پر نشہ آور گولیاں تیار کی جا رہی تھیں۔ کارروائی کے دوران منشیات کی تیاری میں استعمال ہونے

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ، گوادر میں تین ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

تعلیمی ادارے میں اضافی کلاس رومز، امتحانی ہال اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم

گوادر (این این آئی) گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمٰن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے تین ترقیاتی منصوبوں کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ گوادر پرو کے مطابق افتتاح کیے گئے منصوبوں میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں مختلف تعمیراتی، توسیعی اور تزئین وآرائش کے کاموں کے علاوہ کیپٹن یعقوب راہی والی بال گراؤنڈ اور عبداللہ عاصم فٹسال گراؤنڈ شامل ہیں۔ افتتاح کے بعد ایم پی اے گوادر مولانا

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

چین کی ڈیجیٹل توانائی میں پیشرفت، پاکستان بیٹری اسٹوریج کا خواہاں

2035 تک بجلی کے مکس میں صاف توانائی کا حصہ 90 فیصد کرنے کا ہدف

شینزن (این این آئی) گوانگ ژو میں پاکستان کے ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر محمد عمران نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے بیٹری اسٹوریج کوئی اختیاری معاملہ نہیں، بلکہ ہماری توانائی کی سلامتی کا بنیادی جزو ہے۔ گوادر پرو کے مطابق یہ بات انہوں شینزن میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے 2026 نیو انرجی اسٹوریج

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

لاہور، محنت کش تانگہ پر بڑے لوہے کے کڑے لاد کر منزل کی طرف گامزن ہے

کوہاٹ دھماکہ، وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی شہدا کے اہلِ خانہ سے ملاقات

دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی ترجیح سیاسی انتقام ہے، دہشت گردی کا خاتمہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے کے شہدا کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، شہدا نے قوم کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا 22 سال سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، وفاقی حکومت کی دہشت گردی سے متعلق پالیسی مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ سہیل آفریدی

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

بارکھان، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمرانی زیر تعمیر رکنی تا بارکھان روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

لورالائی، تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری

شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کی روانی کے لیے آپریشن بلا امتیاز جاری رہے گا، ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر

لورالائی (یو این اے) لورالائی شہر میں ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر کی سربراہی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے بزارہ محلہ، تحصیل روڈ اور گردونواح میں دکانوں کے سامنے سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر سڑکوں پر رکھا گیا سامان، نو پارکنگ ایریاز میں موجود کاؤنٹس اور دیگر تجاوزاتی اشیا ہٹا کر ٹریفک پولیس نے تحویل میں لے لیں، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور غیر قانونی پارکنگ سے گریز کریں، بصورت دیگر مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایس ڈی پی او غلام اکبر نے کہا کہ شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے کارروائی بلا امتیاز اور مسلسل جاری رہے گی۔ انہوں نے عوام اور تاجر برادری سے اپیل کی۔۔۔

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ چلڈرن سکول پروگرام کے سالانہ رزلٹ ڈے کی تقریب میں بچوں میں ایوارڈ تقسیم کر رہے ہیں

علمائے کرام کا فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ

جدید اور دینی تعلیم کا امتزاج بہترین خدمات ہے، علامہ نواب دین ڈوکی اور مفتی محمد اقبال احمد قادری کا دورے کے موقع پر اظہار خیال

سبی (یو این اے) علمائے کرام کا فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ، تعلیمی خدمات کو سراہا والدین کو اپنے بچوں کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس میں داخل کرانے کا پیغام بھی دیا تفصیلات کے مطابق شہری اتحاد ڈیرہ مراد جمالی کے جنرل سیکرٹری علامہ نواب دین ڈوکی اور جامعہ غوثیہ رضویہ نصیر آباد کے مہتمم مفتی محمد اقبال احمد قادری نے فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ کیا اس موقع پر اسکول ہذا کے ایڈمن اسٹاف نے معزز مہمانوں کو تعلیمی و ترجیحی اور انتظامی امور سے متعلق مفصل بریفنگ دی دورے کے دوران علمائے کرام نے دعوت اسلامی کے تعلیمی شعبے فیضان اسلامک اسکول سسٹم کی تدریسی اور اخلاقی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارہ جدید اور دینی تعلیم کے امتزاج سے بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے علمائے کرام نے سبی کی باشعور عوام کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے بچوں کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس میں داخل کرائیں۔۔۔

جامعہ تربت الحاق کمیٹی کا اجلاس، تعلیمی معیار اور جدید پروگرامز پر غور

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کی الحاق کمیٹی کا نواں اجلاس فیکلٹی آف لٹریچر اینڈ لینگویجز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں ملحقہ ڈگری کالجوں میں نئے تعلیمی پروگرامز کے اجرا، نصاب و تدریسی نظام اور امتحانات کے طریقہ کار سمیت مختلف تعلیمی امور کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر غور کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالصبور نے کہا کہ ملحقہ کالجوں میں تعلیمی معیار برقرار رکھنا جامعہ تربت کی اولین ترجیح ہے اور ایچ ای سی فریم ورک کے مطابق کوالٹی انشورنس اور تعلیمی قواعد پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔

لورالائی، نو تعمیر شدہ دکانیں عوام اور تاجروں کا مشترکہ حق ہیں، نعمت اللہ جلالزئی

غیر مستحق افراد میں دکانوں کی تقسیم لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی خلاف ورزی ہے

ژوب کے رہائشی لعل محمد حریفال کا 51 ہزار 400 مربع فٹ اراضی کی ملکیت کا دعویٰ

ژوب (این این آئی) ژوب کے رہائشی لعل محمد حریفال نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے والد تقسیم علی خان زئی ژوب بلاک بی منڈل کہول کی 51 ہزار 400 مربع فٹ اراضی۔۔۔

اورماڑہ میں خطرناک مچھر ایڈیز ایجپٹی کی بڑی تعداد میں موجودگی کا انکشاف

ایڈیز ایجپٹی ڈینگی وائرس، چکن گونیا اور زیکا وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتا ہے، وائلڈ لائف ایکسپرٹ محمود سگار

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ شہر اور اس کے گردونواح میں مہلک بیماریوں کا سبب بننے والے خطرناک مچھر ایڈیز ایجپٹی Aedes aegypti کی بڑی تعداد میں موجودگی کو نوٹس کیا ہے۔ محمود سگار نے مچھر کی جسمانی و جینیاتی خصوصیات سے متعلق تفصیل سے بتاتے ہوئے وضاحت کی کہ ایڈیز ایجپٹی عام مچھروں سے بالکل۔۔۔

شیرانی، ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ بے نظیر کسان کارڈ کسانوں میں کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

چاغی، قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ بس اڈے سے مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا، پولیس کی تلاش شروع

چاغی (یو این اے) چاغی بازار کے بس اڈے سے نامعلوم مسلح افراد نے تھانہ چاغی کے قائم مقام ایس ایچ او اور اے ایس آئی گل شاہ کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق چار نامعلوم مسلح افراد خاکی رنگ کی ایک لینڈ کروزر گاڑی میں سوار ہو کر بس اڈے پہنچے، جہاں اے ایس آئی گل شاہ اس وقت اکیلے موجود تھے۔ مسلح افراد نے انہیں زبردستی اپنی گاڑی میں بٹھایا اور نامعلوم مقام کی جانب فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری فوری طور پر حرکت میں آ گئی اور علاقے میں ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

نصیر آباد، ایگزیکٹو ڈاکٹر حسین جمالی کی نگرانی میں کارروائی کی جا رہی ہے

گنداواہ میں پولیو سے بچاؤ آگاہی سیشن، 21 ستمبر سے شروع ہونے والی مہم میں بھرپور تعاون کی اپیل

گنداواہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس گنداواہ میں پولیو سے بچاؤ مہم کے حوالے سے سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی اور کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر خاور ندیم نے صحافیوں اور کمیونٹی نمائندگان کو پولیو کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سیشن میں شرکا کو پولیو کے خطرات، اس سے بچاؤ اور بچوں کو بروقت پولیو کے قطرے پلانے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ محکمہ صحت کے حکام نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک مرض ہے اور بچوں کو اس سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسینیشن ضروری ہے۔

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں طلبا کے لیے جیومیٹری اشکال اور تخلیقی ڈرائنگ کی سرگرمی کا انعقاد

تعلیمی سرگرمیاں طلبا کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، پرنسپل محمد سلیم

گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبا کی تعلیمی و تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے جیومیٹری کے اشکال اور تخلیقی ڈرائنگ کی منفرد سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کا مقصد طلبا کو مختلف جیومیٹری کے اشکال کی پہچان، ان کے عملی استعمال اور تخلیقی انداز میں ان سے مختلف خاکے بنانے کے قابل بنانا تھا۔ اس سرگرمی کے دوران طلبا کو مربع، مثلث، دائرہ، مستطیل اور دیگر اشکال کے بارے میں آگاہ کیا گیا، جبکہ عملی سرگرمی کے ذریعے انہیں تخلیقی ڈرائنگ تیار کرنے کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔ طلبا نے اپنی صلاحیتوں اور تخیل کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے مختلف مناظر، عمارتوں، جانوروں اور دیگر اشیا کے خوبصورت خاکے بنائے۔ اساتذہ نے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں طلبا میں ریاضی، فنون لطیفہ اور تخلیقی سوچ کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ان کی توجہ، خود اعتمادی اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو بھی بہتر بناتی ہیں۔ طلبا نے بھی سرگرمی میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔۔۔

ہرنائی، موضع خوزڑکی میں متنازعہ واٹر سپلائی اسکیم کے خلاف زمیندار ایکشن کمیٹی کا احتجاج

پانی کی قلت سے ہزاروں ایکڑ زرعی زمینیں بنجر ہو جائیں گی، پی ایچ ای کی جاری کردہ ٹینڈر فوری منسوخ کیا جائے، قائدین

ہرنائی (یو این اے) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی موضع خوزڑکی ندی سے متنازعہ واٹر سپلائی اسکیم مسترد کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار موضع خوزڑکی کے زمیندار ایکشن کمیٹی کی جانب سے پریس کلب ہرنائی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کے دوران ملک سلطان محمد ترین، حاجی محمد دان ترین، حاجی سعادت شاہ و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کیا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ہرنائی کی جانب سے جاری کردہ تعمیر گرویٹی واٹر سپلائی اسکیم برائے ہرنائی شہر و مضافات صوبائی پی ڈی پی نمبر "Z-2026-0011" کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیم خوزڑکی کے زمینداروں کے لیے معاشی قتل کے مترادف ہے۔۔۔ ہرنائی شہر منتقل کیا جائے گا۔ جس سے موضع خوزڑکی کی ہزاروں ایکڑ زرعی زمینیں پانی کی کمی کے باعث مکمل طور پر بنجر ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی پورے علاقے میں زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے۔ اسکیم سے زیر زمین پانی کا واحد ریچارج سورس بھی ختم ہو جائے گا اور علاقہ ناقابل کاشت بن جائے گا۔ خوزڑکی ندی صدیوں سے علاقے کی زراعت کا واحد سہارا۔۔۔

نصیر آباد، گمبٹ اسپتال میں بلوچستان کے مریضوں کی معاونت

نصیر آباد (یو این اے) سندھ کے معروف اور جدید گمبٹ اسپتال میں حکومت بلوچستان کی جانب سے بلوچستان بھر سے علاج کی غرض سے آنے والے مختلف مریضوں کی عملی رہنمائی اور معاونت کے لیے مقرر کردہ فوکل پرسن اصغر علی عمرانی اپنی ذمہ داریاں انتہائی احسن اور منظم انداز میں انجام دے رہے ہیں، جن کی عوامی خدمات ہر طبقے کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔۔۔

وندر، شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار

شہری خوف و ہراس میں مبتلا، فوری کتا مار مہم شروع کرنے کا مطالبہ

وندر (یو این اے) وندر شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار سے شہری خوف و ہراس کا شکار ہو گئے ہیں۔ گلیوں اور مختلف آبادیوں میں آوارہ کتوں کے غول آزادانہ گھومتے ہیں، کتوں کی تعداد میں آئے روز اضافہ ہونے لگا شہری گلیوں، محلوں، کالونیوں، بازاروں اور آبادیوں میں درجنوں آوارہ کتے آزادانہ دندناتے دکھائی دیتے ہیں جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ خصوصاً صبح سویرے اور شام کے اوقات میں گلی محلوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔۔۔ مرد، خواتین، بزرگ اور معصوم بچے گھروں سے باہر نکلتے ہوئے خوف محسوس کرنے لگے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری طور پر کتا مار مہم شروع کرنے کا مطالبہ کر دیا۔

نصیر آباد، این ایچ اے کی غفلت سے ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ خستہ حالی کا شکار

نصیر آباد (یو این اے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث ڈیرہ مراد جمالی سے گزرنے والی مین قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر سڑک شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے، جس کے باعث مسافروں، عام شہریوں اور کاروباری حضرات کو شدید نوعیت کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔۔۔

صحافی پر تشدد کے واقعے پر رپورٹرز پریس کلب حب کا دوٹوک موقف، احتجاج کی دھمکی

نصیر احمد پر تشدد کے ملزمان کو کسی صورت رعایت نہ دی جائے، ترجمان

حب (یو این اے) رپورٹرز پریس کلب حب کے ترجمان نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں کو تشدد اور دھمکیوں کے ذریعے دبانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ نصیر احمد پر تشدد کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ۔۔ کے ذریعے صحافیوں کو خاموش کرانے کی کوشش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی انہوں نے کہا کہ اگر قانونی کارروائی اور منطقی انجام تک پہنچانے میں کسی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر سامنے آئی تو رپورٹرز پریس کلب حب بھرپور احتجاج کا راستہ اختیار کرے گا اور صحافی برادری کے ساتھ مل کر آئندہ کا سخت لائحہ عمل طے کیا جائے گا رپورٹرز پریس کلب حب کے ترجمان نے واقع کیا کہ۔۔۔ بنیادی انسانی حقوق پر سوالیہ نشان ہے۔ پولیس کی جانب سے واقعے کا مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کرنے کے اقدام کو سراہتا ہے، تاہم مطالبہ کرتا ہے کہ مقدمے میں نامزد تمام ملزمان کو قانون کے مطابق گرفتار کر کے شفاف اور بلا امتیاز تفتیش عمل میں لائی جائے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے ترجمان نے کہا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی نصیر احمد کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ تشدد، دھمکی یا دباؤ۔۔۔

سربندن، رکن صوبائی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گورنمنٹ گرلز انٹر کالج بندن میں طالبات کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی لورالائی کے کروڑوں روپے کی قیمتی جائیداد کا بندر بانٹ نہیں ہونے دیں گے، پشتونخوا نیپ

عوامی تحریک چلانے سے گریز نہیں کریگی جسکی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکام پر ہوگی

لورالائی (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ جلالزئی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا کہ لورالائی میونسپل کمیٹی ایریا میں نو تعمیر شدہ دکانیں لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت عوام اور تاجروں کا مشترکہ حق ملکیت ہے۔ نااہل اور نالائق فارم 47 کے جعلی صوبائی حکومت اپنے چہراسی چیئرمین کے ذریعے اپنے منظور نظر غیر تاجر اور غیر مستحق افراد میں تقسیم کرکے قانون اور لورالائی تاجران دشمنی کے مرتکب ہوگئے جو کہ لوکل گورنمنٹ 2010 ترمیمی ایکٹ کے صریحاً خلاف ورزی ہے۔ جسکی پارٹی کسی بھی صورت میں اجازت نہیں دیگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے لورالائی میں تعمیر کئے گئے عقب عادل مارکیٹ، نئے اڈے اور پرانا تاریخی گوشت مارکیٹ میں بنائے گئے دکانیں عوام اور تاجران کا اوپن آکشن کے ذریعے مقابلتی بنیاد پر نیلام کرنے کا حق ہے۔ جس سے کسی بھی صورت میں دستبردار نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے وسط میں موجود میونسپلٹی کے پرانے جائیداد کو الحاق کرکے مختلف لوگوں نے غیر قانونی طور پر قبضہ کرکے مہنگے داموں کرائے پر دیکر میونسپل کمیٹی کو کروڑوں روپے کی نقصان کے مرتکب ہوئے ہیں۔ جو کہ قابل گرفت اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ انہوں نے صوبائی محکمہ لوکل گورنمنٹ کے اعلیٰ حکام سے اور ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ لورالائی شہر میں میونسپل جائیداد کا تحقیقات نو تعمیر شدہ دکانوں کا اوپن نیلامی کے ذریعے آکشن کیا جائے بصورت دیگر پارٹی قانونی راستے کے ساتھ ساتھ عوامی تحریک چلانے سے گریز نہیں کریگی جسکی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکام پر ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے لورالائی میں تعمیر کئے گئے عقب عادل مارکیٹ، نئے اڈے اور پرانا تاریخی گوشت مارکیٹ میں بنائے گئے دکانیں عوام اور تاجران کا اوپن آکشن کے ذریعے مقابلتی بنیاد پر نیلام کرنے کا حق ہے۔۔۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆

شاہی چوک بنگلزئی محلہ میں خصوصی صفائی آپریشن، کچرے کے ڈھیر صاف

بولان (این این آئی) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈھاڈر محمد اکبر ابڑو کے تعاون اور صدر ڈھاڈر پریس کلب محمد عارف بنگلزئی کی زیر نگرانی میونسپل کمیٹی ڈھاڈر کے صفائی عملے نے شاہی چوک بنگلزئی محلہ میں خصوصی صفائی آپریشن کیا۔ اس دوران مختلف مقامات سے کچرے کے ڈھیر اٹھا کر ٹھکانے لگائے گئے۔۔۔

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف اوتھل میں صحافیوں کا احتجاج

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈ کوارٹر اوتھل میں سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف سٹی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت یو این اے نیوز ایجنسی اوتھل کے رپورٹر و سٹی پریس کلب کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری جاوید لاسی نے کی۔ مظاہرے میں سٹی پریس کلب اور تحصیل پریس کلب اوتھل کے عہدیداران سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔

گردوارے کی مسماری کے خلاف تمام اقلیتی برادریوں کی مشترکہ پریس کانفرنس

یہ صرف ایک عمارت نہیں بلکہ ہمارا مذہبی ورثہ ہے، راتوں رات تاریخی شناخت کو مٹانا تشویشناک ہے، سردار اویناش سنگھ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے آرچر روڈ پر واقع تاریخی گوردوارے کی مسماری اور اس کی جگہ مبینہ کمرشل تعمیرات کے خلاف سکھ برادری سمیت ہندو پنچایت، مسیحی برادری، بالمیک اور دیگر اقلیتی برادریوں کے رہنماؤں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا ہے۔ پریس کانفرنس کی قیادت سکھ برادری کے رہنما سردار اویناش سنگھ نے کی۔ پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار اویناش سنگھ نے بتایا کہ تقسیم ہند سے پہلے اس مقام پر تاریخی گوردوارہ سری سنگھ موجود تھا، جہاں بعد ازاں طویل عرصے تک گورنمنٹ اسکول قائم رہا اور اس ادارے نے کئی سالوں تک بلا تفریق بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سکھ برادری نے کبھی بھی تعلیم کی مخالفت نہیں کی، تاہم ان کی گہری تشویش کا آغاز اس وقت ہوا جب ایک رات کے اندر اس تاریخی اور قدیم عمارت کو خاموشی سے مسمار کر دیا گیا۔ سردار اویناش سنگھ نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ یہ صرف اینٹوں اور پتھروں کی کوئی عام عمارت نہیں ہے۔۔۔

اوتھل مین بازار میں ہیوی گاڑیوں کی آمدورفت، شہریوں کو مشکلات

اوتھل (این این آئی) اوتھل کے مین بازار میں مال بردار ہیوی گاڑیوں کی دن کے اوقات میں آمدورفت کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق بازار میں شہریوں کا رش ہونے کے باوجود بڑی گاڑیاں سامان اتارنے کے لیے داخل ہو جاتی ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو آمدورفت و۔۔۔

20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روٹی، روزگار اور امن کی تحریک ہے، رحمت صالح بلوچ

اپنے اجتماعی مفادات، روزگار اور بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ریلی میں بھرپور شرکت کریں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی کسی ایک جماعت یا شخصیت کی نہیں بلکہ غریب مزدور، کسان، طالب علم اور تاجر سمیت پورے کیچ کے عوام کی آواز ہے۔ بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ امن و امان کی صورتحال نے بھی عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مکران کی معیشت کا بڑا دارومدار بارڈر تجارت پر ہے، تاہم طویل عرصے سے بارڈر کاروبار انتہائی محدود ہونے سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار متاثر ہوا ہے۔ ضلع کیچ میں چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل چھیننے، فائرنگ اور اغوا برائے تاوان کے واقعات سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں اور حکومت و انتظامیہ کی کارکردگی سے مطمئن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 20 ستمبر کی احتجاجی ریلی کا مقصد کسی فرد یا جماعت کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ امن، روزگار، بارڈر تجارت، کاروباری سرگرمیوں اور بنیادی شہری سہولیات کی بحالی۔۔۔

ڈکی، کوئلہ کان میں حادثے کے نتیجے میں ایک کانکن جاں بحق

پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کا شدید غم و غصے کا اظہار

ڈکی (یو این اے) ضلع ڈکی میں ایک اور دلخراش واقعے کے دوران کوئلے کی کان میں پیش آنے والے حادثے میں ایک کانکن جاں بحق ہو گیا ہے۔ جاں بحق ہونے والے کانکن کی شناخت مولا داد ولد خدائے رحیم کے نام سے ہوئی ہے۔ اس افسوسناک واقعے پر پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر شیر محمد کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی ملا محمد شاہ شاہیزئی اور نائب صدر حیات خان لونی نے گہرے دکھ، شدید غم و غصے اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کڑے الفاظ میں کہا کہ ضلع ڈکی کی کوئلہ کانیں غریب مزدوروں کے لیے روز بروز موت کے کنویں بنتی جا رہی ہیں، مگر انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ تمام تر صورتحال کے باوجود متعلقہ ذمہ دار ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر شیر محمد کاکڑ نے اپنے سخت بیان میں کہا کہ یہ کس کان کن اپنی روزی روٹی کمانے کے لیے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر زمین کی تاریک گہرائیوں میں اترتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے ان کی قیمتی جانوں کے تحفظ کے لیے موجود تمام تر حفاظتی قوانین اور مائنز رولز پر کوئی موثر عملدرآمد نظر نہیں آتا۔

صحبت پور، شدید گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کیسکو کی نااہلی پر عوام سراپا احتجاج

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں پڑنے والی شدید گرمی اور حبس کے دوران بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے غریب عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں، جبکہ کیسکو حکام کے مسلسل جابرانہ اور مبینہ من مانیوں نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور سٹی سمیت فیڈر شاہی واہ، فیڈر حیدر دین، فیڈر خیر پور، فیڈر اظہار خان اور فیڈر جیانی کے تمام علاقے بجلی کے نام کو ترس کر رہ گئے ہیں۔ ایک طرف شدید گرمی اور حبس کا راج ہے تو دوسری طرف کیسکو حکام کی ہٹ دھرمی اور من مانیوں نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے۔

دہشت اور دہشت پر مبنی سوچ کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے، سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ میر یونس

سوگوار خاندانوں کے لیے صبر و حوصلے کی دعا کی، جبکہ زخمیوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے بھی دعا کی

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ میر یونس بلوچ نے کہا ہے کہ کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والا دھماکہ ایک بار پھر ان تلخ حقیقتوں کی یاد دلاتا ہے جہاں امن کے چراغ بجھانے کی کوشش کی جاتی ہے اور معصوم جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت اور دہشت پر مبنی سوچ انسانیت، امن اور معاشرے کے مستقبل کے خلاف ایک سنگین خطرہ ہے، جس کا خاتمہ اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ ایسے عناصر کے مذموم عزائم کے سامنے قومی اتحاد، باہمی یکجہتی اور عزم و۔۔۔ دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں دھماکے میں قیمتی۔۔۔

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پانچ روزہ مہم کا افتتاح کر رہی ہیں

بابا کوٹ، نصیر آباد میں قومی شاہراہ پر نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی آمدورفت جاری

بھاری رقوم کے عوض گاڑیاں کراس کرانے کے الزامات، قومی خزانے کے نقصان پر اعلیٰ کسٹم حکام سے شفاف تحقیقات کا مطالبہ

بابا کوٹ (یو این اے) نصیر آباد میں قومی شاہراہ پر نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی مبینہ آمدورفت کے حوالے سے تشویشناک اطلاعات سامنے آئی ہیں، جبکہ نوتال کسٹم چیک پوسٹ پر تعینات عملے کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی شاہراہ سے روزانہ مبینہ طور پر متعدد نان کسٹم پیڈ گاڑیاں گزرتی ہیں، جبکہ بعض ذرائع نے الزام عائد کیا ہے کہ بھاری رقم کے عوض گاڑیوں کو مبینہ طور پر چیک پوسٹ سے کراس کرایا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو یہ صورتحال نہ صرف کسٹم قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا کرتی ہے بلکہ قومی خزانے کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ شہری حلقوں نے اعلیٰ کسٹم حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نوتال کسٹم چیک پوسٹ کی نگرانی اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی جائے، قومی شاہراہ سے گزرنے والی گاڑیوں کی شفاف چیکنگ یقینی بنائی جائے اور مبینہ طور پر رقم لے کر گاڑیاں گزارنے کے الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ واضح رہے کہ مذکورہ الزامات ذرائع سے منسوب ہیں۔۔۔

گوادر، محکمہ بلوچستان کے چیف پلاننگ نوید احمد تربیتی پروگرام کا جائزہ لے رہے ہیں

سبی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے، خان محمد جتک

ایشیا کے گرم ترین شہر کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے پر عمل ہو

سبی (یو این اے) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے سبی کے دورے کے موقع پر میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبی شہر میں جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مکمل خاتمہ کیا جائے شدید گرمی اور حبس میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہی ہے ایشیا کے گرم ترین شہر کو اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے والی قرارداد پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے پاکستان سنی تحریک عوامی مسائل کی نشاندہی کرنے اور انہیں حل کرانے کے لیے اپنا قومی فریضہ ادا کرتی رہے گی انہوں نے کہا کہ سبی میں بجلی بندش کے سبب بچے بوڑھے نوجوان خواتین اور مریض شدید اذیت کا شکار ہیں جبکہ چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے اور کیسکو ملازمین کی کرپٹ عناصر کے ساتھ ملی بھگت کے ذریعے ڈائریکٹ کنکشنز کی بھرمار ادارے کو مالی نقصانات سے دوچار کر رہی ہے عوام اور صحافیوں کی نشاندہی کے باوجود کیسکو کی کالی بھیڑوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہونا سوالیہ نشان ہے پاکستان سنی تحریک اداروں کی ترقی و استحکام کے لیے پہلے بھی کردار ادا کرتی رہی ہے اور مددگار رہے گی انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے ارباب اقتدار اور پالیسی ساز ادارے سبی میں قیامت خیز گرمی اور حبس میں جاری غیر اعلانیہ اور اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیں اور اسکے تدارک کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں تاکہ عوام الناس میں پھیلنے والی مختلف بیماریوں کا سدباب ممکن ہو سکے بصورت دیگر پاکستان سنی تحریک عوام الناس کے ساتھ ملکر پرامن احتجاج کا حق محفوظ رکھتی۔۔۔

اوتھل، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف سٹی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

اوتھل (یو این اے) ڈویژن لسبیلہ کے صنعتی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں کوئٹہ کے سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کے خلاف سٹی پریس کلب اوتھل کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت یو این اے نیوز ایجنسی اوتھل کے رپورٹر اور سٹی پریس کلب اوتھل کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری۔۔۔

ایم ڈی کیٹ 2026 کا انعقاد (آج) ہوگا، امتحان کی تیاریاں مکمل

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی کیٹ 2026 کا انعقاد (آج) اتوار کو ہوگا، ملک بھر میں امتحان کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کے 34 شہروں اور ایک بین الاقوامی مرکز ریاض میں ایم ڈی کیٹ کا امتحان لیا جائے گا۔ ملک بھر میں مجموعی طور پر 138,160 امیدوار رجسٹرڈ ہیں۔ پنجاب میں ایم ڈی کیٹ کے 49,199 امیدوار رجسٹرڈ ہیں، خیبر پختونخوا میں 38,841، سندھ میں 34,233، بلوچستان میں۔۔۔

کوئٹہ میں اینگل اسکواڈ کے مبینہ ناروا رویے کا نوٹس لیا جائے، جمعیت علما اسلام

واقعات کا فوری نوٹس لے کر ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں اینگل اسکواڈ کے اہلکاروں کی جانب سے شہریوں کے ساتھ مبینہ ہتک آمیز سلوک، ہراساں کرنے اور رشوت طلب کرنے کے واقعات میں اضافہ تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری پہلے ہی بدامنی کا شکار ہیں جبکہ بعض اہلکاروں کے مبینہ ناروا رویے نے مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ مین ایئرپورٹ روڈ بلاک نادرا کے قریب اینگل اسکواڈ اہلکاروں نے نواں کلی کے رہائشی نوجوان سعید انور کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا، جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بروری روڈ تھانے کے قریب عیسیٰ خان سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل اور موبائل چھین لیا گیا جبکہ پولیس نے مبینہ طور پر ایف آئی۔۔۔

کوئٹہ، سیکرٹری اسکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر کا ڈی ای او کچھی بیگ محمد ریسانی کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (یو این اے) سیکرٹری سکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر صاحب، سی ای او چیک منیر احمد نوتیزئی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کچھی بیگ محمد ریسانی اور قادر ریسانی کے والد محترم کے انتقال پر ان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم عبدالغنی ریسانی کی مغفرت کے لیے دعا کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار۔۔۔

اسلام آباد ہائیکورٹ نے حق مہر کی واپسی سے متعلق آئینی درخواست خارج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے حق مہر کی واپسی سے متعلق آئینی درخواست خارج کر دی۔ جسٹس ثمن رفعت امتیاز۔۔۔ درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کیا، عدالت نے کہا کہ نکاح نامے میں حق مہر کی رقم دو لاکھ پچاس ہزار ایک سو پچاس روپے درج ہے جبکہ حق مہر کی ادائیگی سونے کے زیورات کی صورت میں درج تھی۔

پشتون قومی جرگہ کوئٹہ کے مشاورتی اجلاس کے نکات کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے، سید شراف آغا

جرگے میں ہونے والی مشاورت اور طے پانے والے نکات کو جلد عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت پشتون قومی جرگہ ضلع کوئٹہ کے کامیاب مشاورتی جرگے کے انعقاد پر ضلع کمیٹی، جاروں تحصیلوں، کارکنان، کمیٹیوں کے ارکان، تنظیموں اور شرکا کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرگے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی کے نمائندگان نے کوئٹہ کو درپیش معاشی و معاشرتی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ بدامنی، چوری، ڈکیتی، لاقانونیت، زمینوں پر قبضہ، وسائل کی لوٹ مار، مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، تجارت، زراعت اور آب نوشی سمیت دیگر مسائل نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 17 ستمبر کو شالکوٹ ہال کوئٹہ میں منعقدہ مشاورتی جرگے میں تاجروں، ٹرانسپورٹرز، اساتذہ، ڈاکٹرز، وکلا، صحافیوں، صنعت کاروں، زمینداروں، مزدوروں، طلبہ، سماجی کارکنوں اور دیگر شعبوں کے نمائندگان نے شرکت کی اور ورکنگ کمیٹی کے لیے نام پیش کیے۔ ورکنگ کمیٹی عوامی مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے اور طے شدہ۔۔۔

گڈانی، محکمہ فشریز کی ٹیم کی گشت، غیر قانونی گجا نیٹ ٹرالرز فرار

سمندری حیات اور ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوئی کوتاہی نہیں برتی جائے گی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی

گڈانی (یو این اے) محکمہ فشریز کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی کی خصوصی ہدایت پر گڈانی فشریز پٹرولنگ ٹیم پٹرولنگ میں مصروف عمل ہیں گڈانی کے ساحل قریب سے گجا نیٹ ٹرالرز بھاگنے پر مجبور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز عبدالہادی نے ٹیم کو ہدایت دی ہیں کہ گجا نیٹ ٹرالرز کو کسی صورت حدود سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر وہ پھر بھی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو انہیں گرفتار کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ سمندری حیات کے تحفظ و ماہی گیروں کے حقوق کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہیں برتی جائے۔

محکمہ جنگلات کی بھرتیوں کی منسوخی کی شدید مذمت، ملازمین کو فوری بحال کرنے کا مطالبہ، رحیم کاکڑ

تین ماہ سے سرکاری فرائض انجام دینے والے ملازمین کو ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر ہٹانا ناانصافی ہے، رہنما

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رحیم کاکڑ نے محکمہ جنگلات کے حالیہ بھرتیوں کی منسوخی کی مذمت کرتے ہوئے بیان میں کہا ہے کہ تین ماہ ہو گئے ان ملازمین کو ڈیوٹی کرتے ہوئے اور سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے محکمہ جنگلات کی مختلف پوسٹوں پر ٹیسٹ و انٹرویو پاس کیا، صوبے بھر میں سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے اپنی جوائننگ رپورٹ جمع کرائی۔۔۔

سربندن، ڈویژن آفیسر مانیٹرنگ کالجز پروفیسر برکت اسماعیل گرلز انٹر کالج سربندن کے دورے کے موقع پر اساتذہ سے تعلیم سرگرمیوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان
ABC CERTIFIED
روزنامہ آئینہ کوئٹہ
Daily AAINA Quetta
قیمت 5 روپے
بانی: منصور الہدیٰ عباسی
ریذیڈنٹ ایڈیٹر: نعیم اللہ طاہر خیل
چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان
ایڈیٹر فیصل کریم
03332831889 ✻ Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ سے ظفر پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ سے چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

دفاعی ٹیکنالوجی سے امن واستحکام تک، پاکستان امریکا تعاون کا نیا باب

الطاف حسین بھٹی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی کمپنی پاورس کے وفد کی جی ایچ کیو میں ملاقات کو محض دفاعی ٹیکنالوجی یا عسکری سازوسامان کے تناظر میں دیکھنا اس پیش رفت کے وسیع تر امکانات کو محدود کر دے گا۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں گزشتہ کچھ عرصے کے دوران دوبارہ رابطے، باہمی دلچسپی اور تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال، دفاعی ٹیکنالوجی میں بدلتے رجحانات، دفاعی آلات کی خریداری و تیاری اور استعداد کار بڑھانے کے امکانات پر بات ہوئی۔ پاکستانی قیادت کی جانب سے تکنیکی جدت اور جدید حل کو قومی سلامتی اور ملکی استعداد کے لیے اہم قرار دینا اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ مستقبل کی دفاعی ضروریات میں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، خودکار نظام اور مقامی پیداوار کو مرکزی حیثیت حاصل ہوگی۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شخصیت کے حوالے سے یہ پہلو بھی اہم ہے کہ پاکستان کی دفاعی حکمت عملی محض طاقت کے اظہار تک محدود نہیں بلکہ قومی سلامتی کے ساتھ خطے میں امن واستحکام کی ضرورت کو بھی اہمیت دیتی ہے۔ موجودہ عالمی ماحول میں کسی بھی ملک کے لیے مضبوط دفاع اور امن کی خواہش ایک دوسرے کی ضد نہیں بلکہ ایک دوسرے کے معاون تقاضے ہیں۔ مضبوط دفاعی صلاحیت کا بنیادی مقصد یہی ہونا چاہیے کہ ملک کی خودمختاری محفوظ رہے، عوام کو تحفظ حاصل ہو اور تنازعات کو جنگ کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے کے امکانات وسیع ہوں۔ اسی تناظر میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کی جانب سے امن، استحکام اور ذمہ دارانہ دفاعی کردار کے پیغام کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔

پاکستان ایک ایسے خطے میں واقع ہے جہاں سلامتی کے چیلنجز مسلسل بدل رہے ہیں۔ دہشت گردی، سرحدی عدم استحکام، جدید ڈرون ٹیکنالوجی، سائبر خطرات اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے تقاضے پہلے کی نسبت کہیں زیادہ پیچیدہ ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ محض عسکری ضرورت نہیں بلکہ قومی سلامتی کا وسیع تر تقاضا بن چکا ہے۔ پاورس جیسی کمپنی کے ساتھ رابطہ اسی بدلتی ہوئی دنیا کی ضرورتوں کے مطابق ٹیکنالوجی اور دفاعی صلاحیت میں اضافے کی کوشش کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ امریکی کمپنی دفاعی اور اہم انفراسٹرکچر کے لیے جدید حل، بغیر پائلٹ فضائی نظام اور دیگر ٹیکنالوجی کے شعبوں میں کام کرتی ہے، جبکہ ملاقات میں دفاعی پیداوار اور استعداد کار میں تعاون کے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ پاکستان کے لیے اس نوعیت کے روابط کی اصل اہمیت صرف جدید آلات کے حصول میں نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی پیداوار، پاکستانی ماہرین کی تربیت اور ملکی صنعتی بنیاد کو مضبوط بنانے میں ہے۔ اگر دفاعی تعاون کو محض مصنوعات کی خریداری تک محدود رکھا جائے تو اس کے فوائد ایک مخصوص دائرے تک رہ سکتے ہیں۔۔

سستی بجلی کے لیے آئی پی پیز کے معاہدوں میں شفاف اور فیصلہ کن اصلاحات ناگزیر

چوہدری خالد خورشید

